City of
DAREBIN

the place
to live

دی ہارٹ آف پریسٹن

مستقبل میں پھلتی پھولتی ہوئی پریسٹن مارکیٹ یقینی بنانا۔ اور ایک متحرک، متنوع اور منسلک کمیونٹی تشکیل دینا۔

50 سال سے پریسٹن مارکیٹ مقامی کمیونٹی کے لیے ایک ایسا مقام رہی ہے جہاں مقامی لوگ اپنی ہفتہ وار خریداری اور دوستوں سے ملنے کے لیے جمع ہوتے ہیں۔ ڈیئربن سٹی کاؤنسل یہ یقینی بنانے کا عزم رکھتی ہے کہ خیرمقدم، تعلق اور تنوع کے مقام کے طور پر ہماری مارکیٹ کی منفرد شناخت مستقبل میں بھی قائم رہے۔

چونکہ Precinct پریسٹن کے دل میں واقع ہے، یہ پبلک ٹرانسپورٹ، خدمات، تعلیمی اداروں، ملازمتوں اور کھلی جگہوں کے قریب ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ Precinct میں ایک متنوع، منسلک مقامی ماحول پیدا کرنے والے حالات موجود ہیں – اور ایسا ماحول بنا کر اس علاقے میں رہائشی بحران سے نمٹنے اور کمیونٹی کے لیے خوش کن نئی سہولیات فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔

وزیر منصوبہ بندی کی ہدایت کے مطابق وکٹورین پلاننگ اتھارٹی (VPA) Precinct کی منصوبہ بندی کے لیے اصولوں پر نظر ثانی کر رہی ہے۔ اس عمل کے تحت VPA اور ڈیئربن کاؤنسل نے مقامی کمیونٹی کو شریک کرنے کے ایک وسیع پروگرام کے ذریعے مقامی لوگوں کے خیالات معلوم کیے۔ VPA اس سال آگے چل کر فریم ورک پلان کا خاکہ پیش کرنے والی ہے جو واضح کرے گا کہ منصوبہ بندی کے نئے اصولوں میں کیا شامل ہو گا۔

اس پلان کے سامنے آنے سے پہلے، ڈیئربن سٹی کاؤنسل نے کمیونٹی کی آراء اور حال ہی میں مکمل کی جانے والی ’مارکیٹ کی شناخت پر تحقیق‘ سے سامنے والی معلومات کو استعمال کرتے ہوئے *’دی ہارٹ آف پریسٹن‘* تخلیق کی ہے جو Precinct کے مستقبل کے حوالے سے مقامی رہائشی افراد اور تاجروں کی مشترکہ توقعات کے اظہار کی کوشش کرنے والی دستاویز ہے۔ یہ دستاویز وضاحت سے بیان کرتی ہے کہ اس مقصد کے لیے کیا ہونا ضروری ہے کہ مارکیٹ کا آئندہ بھی پھلتے پھولتے رہنا یقینی ہو اور وسیع تر Precinct ایک قابل رہائش، محفوظ اور سلامت رہنے کے قابل ماحول ہو۔

ہم فیصلہ سازوں کو متوجہ کر رہے ہیں کہ وہ:

- کسی بھی نئے ترقیاتی کام کے تحت مارکیٹ کی منفرد خصوصیات کی **قدر کریں** جیسے چھت والی گلیوں اور راستوں کے ساتھ عوامی مقامات کے طور پر کام آنا، اور اسکے شیڈز، سٹالوں اور چھوٹی دکانوں کی قدر کریں۔

- کسی بھی نئے ترقیاتی کام سے پہلے، اسکے دوران اور اسکے بعد تاجروں کی **مدد کریں**۔

- نئی قابل استعمال سبزہ دار کھلی جگہ **تخلیق کریں** تاکہ سلامتئ ماحول کے مضبوط اصولوں کا اظہار ہو، اعلی ترین ڈیزائن پیش کریں اور علاقے کی شکل، احساس اور حفاظت کو بہتر بنائیں۔

- نئی عوامی جگہوں، مناسب قیمتوں پر رہائش، سماجی پروگراموں، سہولیات اور روزگار کے مواقع کے ذریعے Precinct میں سماجی برابری **مہیا کریں**۔

اور، کسی بھی ترقیاتی کام کے شروع ہونے سے پہلے، ہم چاہتے ہیں کہ مالکان معاہدے کی شکل میں پابند ہو جائیں کہ موجودہ مقام پر مارکیٹ کا استعمال برقرار رہے گا۔

’پریسٹن مارکیٹ Precinct‘ کے مستقبل کے بارے میں مزید جاننے کے لیے آپ کئی مختلف وسائل استعمال کر سکتے ہیں جن میں انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں معلومات دستیاب ہیں۔ ان میں یہ شامل ہیں:

- 8470 8888 پر ہماری کسٹمر سروس ٹیم کو پیر تا جمعہ، صبح 8.30 اور شام 5.00 بجے کے درمیان کسی بھی وقت فون کریں
- مختلف زبانوں کی فون لائن پر فون کریں اور اپنی زبان میں کسی سے بات کریں: (03) 8470 8470
- ای میل: mailbox@darebin.vic.gov.au
- خط لکھنے کا پتہ: 274 Gower Street PRESTON VIC 3072
- TTY (ناقص سماعت رکھنے والوں کے لیے): 133 677 پر فون کریں اور 03 8470 8888 سے ملانے کو کہیں
- Speak and Listen: 1300 555 727 پر فون کریں اور 03 8470 8888 سے ملانے کو کہیں
- انٹرنیٹ ریلے: National Relay Service - IP Relay سےکنیکٹ کریں اور 03 8470 8888 سے ملانے کو کہیں
- پورٹیبل ہیئرنگ لوپس اور پرسنل ہیئرنگ ایمپلیفائرز: یہ آلات تمام کسٹمر سروس سنٹروں میں مہیا ہیں۔

CITY OF DAREBIN

274 Gower Street, Preston
PO Box 91, Preston, Vic 3072
T 8470 8888 **F** 8470 8877
E mailbox@darebin.vic.gov.au
darebin.vic.gov.au

National Relay Service
relayservice.gov.au

If you are deaf, or have a
hearing or speech impairment,
contact us through the
National Relay Service.

Speak your language
T 8470 8470

العربية
繁體中文
Ελληνικά
हिंदी
Italiano
Македонски
नेपाली
ਪੰਜਾਬੀ
Soomalii
Español
اردو
Tiếng Việt